طبقہ ہے اس لیے انہوں نے وہی اندازِ بیان اختیار فرمایا ہے جو اس طبقے کو مطمئن کر سکے انہوں نے اس تصنیف کو فلسفیانہ موشگافیوں اور کلامی طرز کی بحثوں میں نہیں اُلجھایا بلکہ قرآن و سنت کے صاف و سادہ طریقے سے اسلام کے ان اساسی تصورات کی وضاحت کی ہے اور اس اعتبار سے یہ ایک کامیاب کوشش ہے۔ ہم اپنے نوجوانوں سے اس قابل قدر تصنیف کے مطالعہ کی پُرزور سفارش کرتے ہیں۔

واقعۂ کربلا | تالیف۔ پروفیسر سید ابوبکر غزنوی ایم۔ اے، ایل، ایل، بی۔ ناشر، المکتبۃ العلمیہ ۱۵۔لیک روڈ، لاہور۔ صفحات ۴۰ قیمت دس آنے۔

اس فاضلانہ مقالہ میں پروفیسر سید ابوبکر غزنوی صاحب نے نہایت عمدہ سلیقے سے کربلا کے جاں گداز واقعات کو جمع کر دیا ہے۔ انہوں نے سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ کے موقف کی تائید میں بڑے مستند دلائل پیش کیے ہیں اور ناقابلِ تردید شواہد کی مدد سے یہ ثابت کیا ہے کہ حضرت حسین کی کوفہ میں آمد کسی جاہ طلبی کا نتیجہ نہ تھی بلکہ اس کے پیچھے صرف ایک جذبہ ہی کارفرما تھا کہ اسلامی حکومت کو غلط ہاتھوں میں منتقل ہونے سے جہاں تک ممکن ہو روکا جائے۔ اس مقصد کے لیے انہوں نے اپنے گھرانے کا ایک ایک فرد اپنی آنکھوں کے سامنے کٹوا دیا۔ انہوں نے اپنے بچوں کو خاک و خون میں تڑپتا ہوا دیکھا اور بالآخر اپنی جان بھی اس راہ میں قربان کر دی مگر ان کے پائے استقلال میں کوئی لغزش نہ پیدا ہوئی۔ ہم اپنے قارئین سے اس مقالہ کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔ طباعت و کتابت کا معیار گوارا ہے۔

پیارے نبی کی پیاری زبان۔ ۲۴ حصے | ملنے کا پتہ: انجمن ترقی عربی ۶۴ ڈی گلبرگ لاہور۔ قیمت ہر حصہ ۸ آنے۔

عربی زبان کو آسان طریقہ سے سکھانے کا یہ ایک سلسلہ ہے جو ۲۴ حصوں پر مشتمل ہے اور جسے انجمن ترقی عربی (پاکستان) کے بانی جناب عبدالرحمٰن طاہر سورتی نے مرتب کیا ہے معلوم نہیں اب تک اس کے کل کتنے حصے شائع ہو چکے ہیں، اس وقت ہمارے سامنے اس کے پہلے